© rasailojaraid.com



## مختلف ٹی وی چینلز‘ نمائندوں اور صحافیوں کی دارالعلوم آمد:

وزیراعظم میاں نواز شریف سے ملاقات اور طالبان سے مذاکرات کا ٹاسک ملنے کے بعد کئی ٹی وی چینلز اور صحافیوں نے حضرت مہتمم صاحب مدظلہ سے انٹرویوز اور تبادلہ خیال کرنے کیلئے دارالعلوم کا رخ کیا۔

- ’’اب تک‘‘ ٹی وی چینل کے معروف اینکر پرسن عادل عباسی نے اپنے مقبول پروگرام ’’ٹیبل ٹاک‘‘ میں مہتمم صاحب کا انٹرویو کیا۔
- معروف صحافیہ محترمہ بتول نے News-1 ٹی وی چینل کے لئے انٹرویو ریکارڈ کیا۔
- جیو ٹی وی سے معروف صحافی و تجزیہ نگار جناب سلیم صافی نے اپنے مقبول پروگرام ’’جرگہ‘‘ کے لئے انٹرویو کیا۔
- کیپٹل ٹی وی سے معروف انوسٹی گیٹر رپورٹر اور تجزیہ نگار جناب عبدالستار خان نے اپنے پروگرام ’’یہ کیا بات ہوئی‘‘ کے لئے انٹرویو کیا۔
- واشنگٹن پوسٹ (معروف امریکی اخبار) سے نامور صحافی خاتون ’’پامیلا کانسٹبل‘‘ نے حضرت مہتمم صاحب کا انٹرویو کیا۔
- پی ٹی وی چینل سے معروف صحافی جناب انوارالحسن صاحب نے اپنے پروگرام ’’سچ تو یہ ہے‘‘ کیلئے انٹرویو کیا۔
- روزنامہ ’’اسلام‘‘ سے مولانا محمد شفیع چترالی صاحب نے انٹرویو کیا اور جامعہ ابو ہریرہ کے مہتمم مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب بھی حضرت مہتمم صاحب سے ملاقات کیلئے تشریف لائے۔ اس موقع پر حضرت مہتمم صاحب سمیت دیگر حضرات نے مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب کو سفر عمرہ اور شرح مسلم شریف کی اشاعت پر مبارکباد دی۔

## حضرت مولانا انوارالحق صاحب مدظلہ کا سفر کراچی:

۱۳ ردسمبر ۲۰۱۳ء کو جامعہ اسلامیہ کلفٹن کی تقریب تقسیم اسناد میں حضرت مولانا انوارالحق صاحب نے کراچی جا کر شرکت کی۔ آپ اس تقریب میں خصوصی طور پر مدعو کئے گئے تھے اور آپ نے اس پروگرام کی صدارت کی۔ آپ کے ہمراہ وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف اور دیگر اہم سیاسی و مذہبی رہنماؤں نے بھی شرکت کی۔

## دارالعلوم کی تعلیمی کمیٹی کا اہم اجلاس:

حضرت مولانا انوارالحق صاحب کی زیر سرپرستی دارالعلوم کی تعلیمی کمیٹی اور تمام اساتذہ کا ایک اہم اجلاس

© rasailojaraid.com